ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ساہیوال

ڈیٹ شیٹ برائے انٹر میڈیٹ (پارٹ سیکنڈ) اسپیشل امتحان 2021ء

ضروری ہدایت برائے امیدواران و سپرو ائزری سٹاف: انٹر میڈیٹ (پارٹ سیکنڈ) اسپیشل امتحان 2021ء دو مختلف اوقات / گروپس میں ہو گا یعنی پہلا وقت **8:30** بجے صبح اور دوسرا وقت **1:30** بجے شام ہو گا۔ جمعہ کے روز شام کے وقت کا پرچہ **2:30** بجے شروع ہو گا۔(2) جملہ امیدواران ہر پرچہ کے آغاز سے آدھ گھنٹہ قبل اپنی موجودگی سنٹر میں ہر صورت یقینی بنائیں گے صبح (ا/ا:8 بجے، شام (ا/ا:1 بجے جبکہ بروز جمعہ (ا/ا:2 بجے شام سنٹر میں حاضر ہوں گے بصورت دیگر انہیں سنٹر میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ہو گی نیز ہر پرچہ کے آغاز میں نگران عملہ امیدواران کو امتحانی پرچہ کے مقررہ وقت سے آگاہ کرے گا۔ (3) امیدواران کو رول نمبر سلپ پر پرنٹ شدہ ڈیٹ شیٹ کے مطابق امتحان دینا ہو گا۔ (4) امیدوار نے جس وقت اور جس سنٹر میں امتحان دینا ہے وہ وقت / گروپ اور سنٹر اس کی رول نمبر سلپ پر لکھا ہو گا امیدواران کو کسی اور وقت / گروپ یا سنٹر میں امتحان دینے کی قطعاً اجازت نہ ہو گی (5) دوران امتحان کسی بھی قسم کا اعلان ڈیٹ شیٹ پر ہر گز اثر انداز نہ ہو گا اور امتحان ڈیٹ شیٹ میں درج شدہ تواریخ کے مطابق ہی ہو گا۔ (6) امیدوار پر لازم ہے کہ وہ اپنی رول نمبر سلپ روزانہ کروامتحان میں اپنے ہمراہ لائے بصورت دیگر اسے امتحان میں شرکت کی اجازت نہ دی جائے گی۔ (7) امیدوار نہ صرف اس امر کی تسلی کر لے کہ اس کی رول نمبر سلپ پر درج تصویری کے مضامین کی تواریخ، اوقات اور گروپ درست ہیں بلکہ ان سب کا موازنہ سنٹر میں موجود تفصیلی ڈیٹ شیٹ سے بھی اچھی طرح کر لے تا کہ کسی غلطی کی صورت میں امیدوار کو کسی پریشانی / نقصان کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ (8) انٹر میڈیٹ پارٹ (سیکنڈ) اسپیشل امتحان 2021 میں کسی بھی مضمون کے پریکٹیکل کا امتحان نہیں ہو گا۔ (9) اگر کوئی امیدوار کسی بھی وجہ سے کسی مضمون کا امتحان اختیاجا چھوڑے گا تو کسی صورت اس پرچہ / مضمون میں اس کا دوبارہ امتحان نہیں لیا جائے گا۔ (10) سنٹر کے اندر اور اس کے باہر (100) گز کی حدود میں کسی فرد کو موبائل فون کے استعمال کی اجازت نہ ہے۔ (11) جملہ امیدواران کا امتحان ALP (ACCELERATED LEARNING PROGRAMME) کے مطابق ہو گا۔ سوالیہ پرچہ جات کے ماڈل پیپر میں کسی قسم کی کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ لہٰذا سوالیہ پرچہ جات سابقہ پیٹرن کے مطابق ہو نگے۔ (12) معروضی اور انشائیہ پرچہ پر مقررہ وقت کا اندراج کر دیا گیا ہے جس کے مطابق پرچہ کا اختتام ہو گا۔ (13) امیدواران و امتحان سے متعلقہ جملہ سپرو ائزری سٹاف (COVID-19) کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے حکومت پنجاب پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ (لاہور) کی طرف سے جاری کردہ تمام SOP's پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں گے۔ (14) امیدواران امتحانی سنٹر میں داخلے کے وقت ایک دوسرے سے مناسب فاصلہ رکھیں، آپس میں مصافحہ نہ کریں نیز ماسک کے بغیر امتحانی سنٹر میں داخلہ ممنوع ہو گا۔ (15) امتحانی عملہ سے بدکلامی اور کسی دوسرے امیدوار کی جگہ امتحان دینا / دلوانا (تلبیس شخصی / Impersonation) نہایت سنگین جرائم ہیں، ان سے اجتناب کریں۔

NOVEMBER,DECEMBER , 2021	MORNING PAPER WILL START 8:30 A.M			EVENING PAPER WILL START 01:30 P.M FRIDAY PAPER WILL START 02:30 P.M	
INTER PART-II					
Date	**Day**	**Subjects**	**Paper**	**Subjects**	**Paper**
27-11-2021	Saturday	Economics	II	Sociology	II
29-11-2021	Monday	1.Biology 2.Library Science	II	Mathematics	II
30-11-2021	Tuesday	1.Civics 2.Computer Studies (Commerce Group) 3.Banking (Commerce Group)	II II(i) II(ii)	Geography	II
01-12-2021	Wednesday	1.Education 2.Commercial Geography (Commerce Group)	II	Computer Science	II
02-12-2021	Thursday	1.Chemistry 2.History of Pakistan (1947 to 1973) 3.History of Islami Hind 4.History of Islam (Abbasi of Baghdad) 5.History of Islam (Muslims in Spain)	II II(i) II(ii)	1.Punjabi 2.Arabic 3.Persian 4.Urdu (Advanced) 5.English (Elective)	II
03-12-2021	Friday	1.Psychology 2.Business Statistics (Commerce Group)	II	Statistics	II
04-12-2021	Saturday	Islamic Studies (Elective)	II	1.Outlines of Home Economics 2.Fine Art	II
06-12-2021	Monday	1.Physics 2.Philosophy 3.Principle of Accounting (Commerce Group)	II	Health & Physical Education	II

علی ریاض راؤ
ڈپٹی کنٹرولر (کنڈکٹ)
040-9200525

پروفیسر محمد شہزاد رفیق
کنٹرولر امتحانات
040-9200518